تخفیف اسلحہ، اور اسلحہ کے عدم پھیلاؤ اور برآمدات کے کنٹرول پر ہندوستان-جاپان کے درمیان مشاورتی اجلاس کا اہتمام

24 اپریل، 2024

مورخہ 24 اپریل 2024 کو ٹوکیو میں تخفیف اسلحہ، عدم پھیلاؤ اور برآمدات کے کنٹرول پر ہندوستان-جاپان کے درمیان مشاورتی اجلاس کا 10 واں دور منعقد ہوا۔ فریقین نے جوہری، کیمیائی اور حیاتیاتی ڈومینز، بیرونی خلائی تحفظ، عدم پھیلاؤ کے مسائل، روایتی ہتھیاروں اور برآمدات پر کنٹرول سے متعلق تخفیف اسلحہ اور عدم پھیلاؤ کے شعبوں میں ہونے والی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا۔

2. ہندوستانی وفد کی قیادت وزارت خارجہ کی جوائنٹ سکریٹری (تخفیف اسلحہ اور بین الاقوامی سلامتی کے امور) محترمہ مناپوئی سیاوی نے کی، جبکہ جاپانی وفد کی قیادت ڈائریکٹر جنرل برائے تخفیف اسلحہ، عدم پھیلاؤ اور سائنس ڈپارٹمنٹ، وزارت خارجہ جناب کتسورو کتاگوا نے کی۔

نئی دہلی
24 اپریل 2024